Est. 1939 ABC CERTIFIED

بلوچستان کے عوام کا بے باک ترجمان

بلوچستان کا قدیم ترین اردو روزنامہ

روزنامہ

نعرہ حق

کوئٹہ

Daily Nara-e-Haq Quetta

رجسٹرڈ نمبر: 706

چیف ایڈیٹر: عصمت اللہ کاکڑ

Daily.naraehaq@gmail.com

جلد نمبر 85 | 17 صفر 1448ھ | ہفتہ یکم اگست 2026 | قیمت 6 روپے | شمارہ نمبر 139

ریاست کے سستے کام کیلئے بہا سیکیورٹی فورسز کے جوانوں کا خون رائیگاں نہیں جائے گا

وزیراعلیٰ بلوچستان

دہشت گردی جیسے قومی مسئلے کو سیاسی اختلافات کی نذر نہ کیا جائے، وطن کی حفاظت کے لیے شہید ہونے والے پولیس اور سیکیورٹی اہلکار پوری قوم کے ہیرو ہیں، ان کی قربانیاں کو سیاست سے جوڑنا قومی مفاد کے خلاف ہے، بلوچ نوجوانوں کو ایک لامحاصل جنگ میں دھکیلا گیا ہے

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ ریاست کے استحکام کیلئے بہادر سیکیورٹی فورسز کے جوانوں کا خون رائیگاں نہیں جائے گا ایک منظم سازش کے تحت جہاں ایک طرف ریاست کو عدم استحکام سے دوچار کرنے کے لئے دہشتگردی کے واقعات رونما ہوتے ہیں وہاں اس کا اہم بھی ریاست پر عائد کرنے کا انتشار پھیلانے کا پروپیگنڈہ کیا جاتا ہے، نوجوانوں کو ایک لامحاصل جنگ میں دھکیلا جا رہا ہے، بلوچستان اور پاکستان کو غیر منظم کرنے کی ہر سازش ناکام بنائی جائے گی، ملک کو تقسیم کرنے کی خواہش رکھنے والے احمقوں کی جنت میں رہتے ہیں، دہشت گردی کے خلاف ریاست ایک انچ بھی پیچھے نہیں ہٹے گی۔ انہوں نے سیاسی جماعتوں پر زور دیا کہ وہ دہشت گردی کو سیاست سے نہ جوڑیں کیونکہ اس وقت ریاست سیاست کی نہیں بلکہ ریاست کے استحکام، قومی اتحاد اور عوام کی یکجہتی کی ضرورت ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کو کوئٹہ میں انٹی ٹیررسٹ فورس (ATF) ٹریننگ اسکول میں 20

بقیہ نمبر 1 صفحہ نمبر 3

ایران نے اردن میں امریکی طیاروں کے ہینگر کی سیٹلائٹ تصاویر جاری کردیں

تہران (این این آئی) پاسداران انقلاب ایران نے اردن میں امریکی طیاروں کے ہینگر کی سیٹلائٹ تصاویر جاری کردیں۔ پاسداران انقلاب نے امریکا کو پیغام دیا کہ ہینڈشیپ ختم کریں اور دنیا کو

بقیہ نمبر 3 صفحہ نمبر 3

معاہدہ غزہ میں نئی فلسطینی حکومت کے قیام کی جانب اہم قدم ہے، امریکی صدر

ہتھیاروں اور اسرائیلی فوج کے غزہ سے مرحلہ وار انخلا پر معاہدہ طے پا گیا ہے، حماس

واشنگٹن (آن لائن) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اعلان کیا ہے کہ بورڈ آف پیس نے غزہ میں فلسطینی کی مراجعتی تنظیم حماس کے غیر مسلح ہونے کا معاہدہ کرلیا۔ صدر ٹرمپ نے اعلان کیا ہے کہ غزہ میں حماس کے غیر مسلح ہونے کا معاہدہ ہو گیا ہے، جیسے ہی غزہ کو غیر مسلح کرنے کا عمل مکمل ہوگا، اسرائیلی افواج واپس چلی جائیں گی۔ ٹرمپ نے کہا کہ معاہدہ غزہ

بقیہ نمبر 2 صفحہ نمبر 3

اسلام آباد، وزیراعظم محمد شہباز شریف سے عالمی بینک کے وفد نے کنٹری ڈائریکٹر مس بولور، ایم گابازارکی قیادت میں ملاقات کر رہے ہیں

آپ کو کوئی رعایت نہیں دہشتگرد ہتھیار ڈال دیں

ڈی جی ISPR

ہم ہارڈ سٹیٹ نہیں ہیں، ریاست سے وفاداری ہر شہری کی ذمہ داری ہے، پاکستان ہی ہماری پہلی اور آخری پہچان ہے، ہر پاکستانی کی پہلی اور بنیادی شناخت پاکستان ہونی چاہیے، نہ کہ صوبائی، لسانی یا نسلی وابستگی، دہشتگردی بھارت اور افغانستان کا مشترکہ ایجنڈا ہے

پاکستان ایک ایسی ریاست ہے جہاں آئین، قانون سب کے لیے یکساں ہے، تمام ریاستی معاملات آئین و قانون کے مطابق چلائے جاتے ہیں، عوام ہوشیار رہیں سوشل میڈیا پر فوج اور ریاست کے خلاف منفی پروپیگنڈہ کیا جا رہا ہے

اسلام آباد (آن لائن) ڈی جی آئی ایس پی آر لفٹیننٹ جنرل احمد شریف رائیل نے کہا ہے کہ ہم ہارڈ سٹیٹ نہیں ہیں، دہشتگردوں سے مذاکرات کی کوئی گنجائش نہیں، دہشتگرد ہتھیار ڈالیں یا ہم انہیں ختم کردیں گے، ریاست سے وفاداری ہر شہری کی ذمہ داری ہے، پاکستان ہی ہماری پہلی اور آخری پہچان ہے۔ دہشتگردی بھارت اور افغانستان کا مشترکہ ایجنڈا ہے۔ افغان طالبان رجیم دہشتگردی کو بطور کاروبار استعمال کر رہی ہے۔ محسن نقوی کے بیان پر کوئی تبصرہ نہیں کروں گا، پاکستان کی سیکیورٹی اور خوشحالی کے لئے گڈ گورننس ناگزیر ہے۔ پریس بریفنگ کے دوران ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا وزیر داخلہ محسن نقوی کے بیان پر کوئی تبصرہ نہیں کروں گا وہ انکا ذاتی بیان

بقیہ نمبر 6 صفحہ نمبر 3

وزیراعظم سے آذربائیجان کے سفیر کی الوداعی ملاقات، خضر فرہادوف کی خدمات کو سراہا

شہباز شریف کا آذربائیجان کے ساتھ برادرانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے آذربائیجان کے ساتھ برادرانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے پاکستان کے غیر متزلزل عزم کا اعادہ کیا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف سے جمعہ کو یہاں پاکستان میں مجموعی آذربائیجان کے سفیر خضر فرہادوف نے الوداعی ملاقات کی۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار اور سیکرٹری خارجہ آمنہ بلوچ بھی اس موقع پر موجود تھے۔ ملاقات کے دوران وزیراعظم نے آذربائیجان کے سفیر خضر

بقیہ نمبر 7 صفحہ نمبر 3

پاکستان ریلوے کی جدید کاری، ترکیہ سے بڑے تعاون کی راہ ہموار

پاکستان ریلوے کے جدید کاری پروگرام میں ترک کمپنیوں کی شمولیت کے امکانات پر تفصیلی تبادلہ خیال

ترکیہ (آن لائن) پاکستان ریلوے کی جدید کاری، ترکیہ سے بڑے تعاون کی راہ ہموار ہو گئی ہے۔ وفاقی وزیر ریلوے محمد طیف عباسی کے دو روزہ سرکاری دورہ ترکیہ کے دوران گزشتہ روز ترک کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن (TCA) کے اعلیٰ حکام

بقیہ نمبر 14 صفحہ نمبر 3

بارشوں سے 45 افراد جاں بحق، دریاؤں کی نگرانی جاری

لاہور (آن لائن) پنجاب ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) نے مون سون بارشوں اور مکنہ سیلابی صورتحال سے متعلق تازہ فیکٹ شیٹ جاری کر دی، جس میں حالیہ بارشوں، دریاؤں اور ڈیموں کی صورتحال، جانی نقصانات اور حکومتی اقدامات کی تفصیلات شامل ہیں۔ ترجمان پی ڈی ایم اے کے مطابق پنجاب کے چیئرمین اجلاس میں بارش رسکا رڈ کی

بقیہ نمبر 15 صفحہ نمبر 3

عوام کو ایندھن کی بلا تعطل فراہمی اور صنعت کو مسابقتی قیمتوں پر یقینی بنانا ہماری اولین ترجیح ہے

وزیراعظم

تمام ریگولیٹری اداروں کا اپنے متعلقہ وزارتوں سے باضابطہ رابطہ قائم کرنے کیلئے ضروری اقدامات لئے جائیں، شہباز شریف کا اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ عوام کو ایندھن کی بلا تعطل فراہمی اور منصفانہ قیمتوں کو یقینی بنانا حکومت کی اولین ترجیح ہے، ایف بی آر کے جدید ڈیجیٹل نظام کو ماڈل بنا کر ملک میں ایندھن کی آمد و رفت کی نگرانی کا نظام وضع کیا جائے، جدید ٹیکنالوجی و سافٹ ویئر کے استعمال کے اطلاق سے بندرگاہوں و ریٹائرنگ یوں سے پٹرول پمپس تک سپلائی چین کی ڈیجیٹل نگرانی کی

بقیہ نمبر 5 صفحہ نمبر 3

پاکستان میں بھارتی اسپانسرڈ دہشت گردی کے شواہد ایک بار پھر سامنے آگئے

کابل (این این آئی) سابق افغان خفیہ ایجنسی کے سربراہ مسعود اندرابی نے بھارت، فتنہ الخوارج اور طالبان کا گٹھ جوڑ بے نقاب کر دیا۔ سابق افغان

بقیہ نمبر 13 صفحہ نمبر 3

وزیر داخلہ سے کے پی کے اور بلوچستان کے تاجروں کی ملاقات، مسائل سے آگاہ کیا

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے دفتر کو ملک خصوصاً دونوں صوبوں میں سیکورٹی کی مجموعی صورتحال اور حکومتی اقدامات سے آگاہ کیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے خیبر پختونخوا اور بلوچستان کے تاجروں اور صنعتکاروں نے ملاقات کی جس میں خیبر پختونخوا اور بلوچستان کے تمام چیمبرز آف کامرس نے اپنے صوبوں کی موجودہ سیکورٹی صورتحال اور درپیش

بقیہ نمبر 12 صفحہ نمبر 3

ٹرمپ کا ایران پر جنگ وسیع کرنے پر غور، دہائیوں تک جاری رہنے والی فضائی مہم کا امکان

سینٹ کام کے کمانڈر ایڈمرل بریڈ کوپر نے ایک وسیع فضائی مہم کا منصوبہ تیار کیا ہے، باخبر ذرائع

واشنگٹن (این این آئی) امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی انتظامیہ ایران کے خلاف اپنے فوجی آپریشنز کو ایک شدید فضائی مہم کے ذریعے وسعت دینے کے آپشن پر غور کر رہی ہے، جو 10 دن سے دہائیوں تک جاری رہ سکتی ہے۔ یہ پیش رفت ایسے

بقیہ نمبر 42 صفحہ نمبر 3

ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کا کوئلے کی کان میں دھماکے کے باعث متعدد کان کنوں کی اموات پر گہرے دکھ و افسوس

کان میں پھنسے ہوئے افراد کی بحفاظت بازیابی کے لیے ریسکو آپریشن کو ترجیح دی جائے، سیوال خان

اسلام آباد (این این آئی) پی ٹی ایم کے سینیٹر مین سینیٹ سیوال خان نے کوئٹہ کے نواحی علاقے سورنج میں کوئلے کی کان میں دھماکے کے باعث متعدد کان کنوں کی اموات پر گہرے دکھ و افسوس کا اظہار کیا ہے۔ پی ٹی ایم کے سینیٹر مین سینیٹ نے حادثے میں جان کی بازی ہارنے والے محنت کشوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے ان کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور

بقیہ نمبر 41 صفحہ نمبر 3

پاکستان سمیت دنیا بھر میں آج عالمی یوم آگاہی برائے پھیپھڑوں کا کینسر منایا جائے گا

تمباکو نوشی، فضائی آلودگی اور پرانی تپ دق پھیپھڑوں پر خطرہ زدگی کی وجہ سے مزید نوجوانوں خطرے میں ہو سکتی ہیں، عالمی ادارہ صحت اور ماہرین کا انتباہ

جنگ ریو (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں آج (یکم اگست) عالمی یوم آگاہی برائے پھیپھڑوں کا کینسر منایا جائے گا، اس کا مقصد عوام

بقیہ نمبر 40 صفحہ نمبر 3

پیپلز پارٹی انتخابی نتائج پر اعتراضات کے بجائے عوامی فیصلے کا احترام کرے، امیر مقام

پیپلز پارٹی موجودہ سیاسی نظام پر تنقید کرتی ہے، اسے یاد رکھنا چاہیے کہ وہ خود اسی نظام کا حصہ ہے، ہم آئینی جمہوریت پر قائم ہیں، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے امور کشمیر و گلگت بلتستان و صوفران انجینئر امیر مقام نے کہا ہے کہ انتخابی نتائج پر اعتراضات اٹھانے کے بجائے پیپلز پارٹی کو اس بات کا سائزہ لینا چاہیے کہ عوام نے اسے کیوں مسترد کیا، آزاد کشمیر میں حکومت اور

بقیہ نمبر 24 صفحہ نمبر 3

امریکا کا ایرانی پاسداران انقلاب کے ڈرون ٹیٹ ورک کی معلومات دینے پر ڈیڑھ کروڑ ڈالرز انعام کا اعلان

واشنگٹن (این این آئی) امریکی محکمہ خارجہ کے ریوارڈز فار جسٹس پروگرام نے کیمیا پارس، سیوان کلچی (کیچاس) — شملک مالیاتی ٹیٹ ورکس کے بارے میں معلومات فراہم کرنے پر ڈیڑھ کروڑ ڈالرز کے انعام کا اعلان کر دیا۔ امریکی پروگرام کے مطابق یہ کمپنی ایرانی پاسداران انقلاب کی قدس فورس اور اس کے علاقائی اتحادیوں کے لیے ڈرون تیار کرنے والے ادارے کے طور پر کام کرتی ہے۔ ریوارڈز فار جسٹس پروگرام کے جاری رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری کیے گئے بیان میں

بقیہ نمبر 22 صفحہ نمبر 3

وطن کی تعمیر و ترقی میں محنت کش طبقے کا کردار قابل قدر ہے، صدر مملکت

کوئلہ کانوں میں کام کرنے والے مزدوروں کی جانوں کے تحفظ کے لیے حفاظتی ضوابط پر سختی سے عمل درآمد یقینی بنایا جائے تاکہ سنگین حادثات کی روک تھام ممکن ہو سکے

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے کوئلہ کے نواحی علاقے سورنج میں کوئلہ کان میں پیش آنے والے المناک حادثے پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ جمعہ کو ایوان صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے حادثے میں قیمتی جانوں کے ضیاع پر سوگوار خاندانوں سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے مرحومین کی مغفرت، درجات کی

بقیہ نمبر 23 صفحہ نمبر 3

سپریم کورٹ آف پاکستان کا تکنیکی وفد چین کا 5 روزہ سرکاری دورہ کامیابی سے مکمل کر کے واپس پہنچ گیا

دورہ چیف جسٹس آف پاکستان کے ڈیجیٹل اصلاحاتی وژن کے تحت عدالتی نظام کو ٹیکنالوجی پر مبنی اور عوام دوست بنانے کے لیے تھا

اسلام آباد (آن لائن) سپریم کورٹ آف پاکستان کا تکنیکی وفد چین کا 5 روزہ سرکاری دورہ کامیابی سے مکمل کر کے واپس پہنچ گیا۔ یہ دورہ چیف جسٹس آف پاکستان کے ڈیجیٹل اصلاحاتی وژن کے تحت عدالتی نظام کو ٹیکنالوجی پر مبنی اور عوام دوست بنانے کے لیے کیا گیا۔ سپریم کورٹ کا وفد 26 سے 30 جولائی 2026 تک سپریم پیپلز کورٹ آف چین کی دعوت پر چین میں رہا۔ وفد کی قیادت سینئر جوڈیشل آٹومیشن کمیٹی کے چیئرمین جسٹس عرفان منظر نے کی۔

بقیہ نمبر 25 صفحہ نمبر 3

آزاد کشمیر انتخابات کا دوسرا مرحلہ، ملتان میں 2 پولنگ اسٹیشنز قائم

ملتان (این این آئی) آزاد کشمیر انتخابات کے دوسرے مرحلے کیلئے تیاریاں عروج پر پہنچ گئیں، اس ضمن میں انتخابی عمل کے لیے ملتان میں پولنگ اسٹیشن قائم کر دیے گئے۔ ایل اے 42 پی ٹی 3 کے انتخابات کے لیے ملتان میں قائم 2 پولنگ اسٹیشنز میں 966 ووٹ درج ہیں۔ پولیس کے مطابق

بقیہ نمبر 39 صفحہ نمبر 3

ہیلتھ کیئر کا مقصد صرف ہسپتال بنانا نہیں، انسان کو بیمار ہونے سے بچانا ہے، وزیر صحت

صحت کے شعبے میں اہم اقدامات کیے جا رہے ہیں جن سے لوگوں کو جغرافیائی سہولیات کی فراہمی اور بیماریوں کی روک تھام ممکن ہو سکے، صنفی کمال

ملتان (این این آئی) وفاقی وزیر صحت سید صنفی کمال نے کہا ہے کہ ملتان یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی میں عالمی معیار کی سہولیات، جدید ٹیکنالوجی اور تحقیقی ماحول قائم تھیں ہے، ایسے ادارے ملاپوں کے ماحول کے خاتمے اور نوجوانوں میں امید پیدا کرنے کا ذریعہ بنتے

بقیہ نمبر 35 صفحہ نمبر 3

پاکستان سمیت دنیا بھر میں آج عالمی یوم آگاہی برائے پھیپھڑوں کا کینسر منایا جائے گا

تمباکو نوشی، فضائی آلودگی اور پرانی تپ دق پھیپھڑوں پر خطرہ زدگی کی وجہ سے مزید نوجوانوں خطرے میں ہو سکتی ہیں، عالمی ادارہ صحت اور ماہرین کا انتباہ

جنگ ریو (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں آج (یکم اگست) عالمی یوم آگاہی برائے

بقیہ نمبر 40 صفحہ نمبر 3

کوئٹہ کوئلے کی کان میں دھماکے کے 34 کان کن جاں بحق، 32 لاشیں نکال لیں

محنت کش ہمارے ملک کا قیمتی اثاثہ ہیں، وزیراعظم کا کوئلہ کی کانوں میں کام کرنے والے مزدوروں کی جانوں کو تحفظ بنانے کیلئے مستقل حفاظتی اقدامات اٹھانے کا حکم

کوئٹہ (اسلام آباد) (این این آئی) کوئٹہ کے علاقے سورنج میں کوئلے کی کان میں پھنسے 34 کانکوں میں سے 32 کی لاشیں نکال لی گئی ہیں، مزید 2 کانکوں کو نکالنے کیلئے ریسکیو آپریشن مزید تیز کر دیا گیا۔ ڈی جی مائنز ہیلتھ بلوچستان عبداللہ شاہوانی کے مطابق جاں بحق کانکوں کی میتیں ان کے آبائی علاقوں کو بھیج دی گئیں، انہوں نے بتایا کہ ابتدائی اطلاعات میں کان میں 42 کانکوں کے پھنسنے کی

بقیہ نمبر 34 صفحہ نمبر 3

پاکستان سمیت دنیا بھر میں آج عالمی یوم آگاہی برائے پھیپھڑوں کا کینسر منایا جائے گا

تمباکو نوشی، فضائی آلودگی اور پرانی تپ دق پھیپھڑوں پر خطرہ زدگی کی وجہ سے مزید نوجوانوں خطرے میں ہو سکتی ہیں، عالمی ادارہ صحت اور ماہرین کا انتباہ

جنگ ریو (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں آج (یکم اگست) عالمی یوم آگاہی برائے

بقیہ نمبر 40 صفحہ نمبر 3

سپریم کورٹ کے تکنیکی وفد کا چین کا سرکاری دورہ کامیابی سے مکمل

پاکستانی وفد کی سپریم پیپلز کورٹ آف چین کے سینئر حکام سے اعلیٰ سطحی ملاقاتیں

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ کے تکنیکی وفد نے چین کا سرکاری دورہ کامیابی سے مکمل کر لیا۔ سپریم کورٹ کا تکنیکی وفد 26 سے 30 جولائی 2026 تک سپریم پیپلز کورٹ آف چین کے سرکاری دورے پر رہا جس کی قیادت جسٹس یوشن

بقیہ نمبر 21 صفحہ نمبر 3

لبنان میں اسرائیلی کارروائیاں انسانیت کے خلاف سنگین جرم ہیں، صدر اردوان

حملے میں پائیدار امن قائم ہونے سے سب سے زیادہ فائدہ لبنان کو پہنچے گا، لبنانی صدر سے ملاقات

انقرہ (این این آئی) ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان نے لبنان کے خلاف اسرائیلی کی جاری فوجی کارروائیوں کو انسانیت کے خلاف سنگین جرم قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ ترکیہ لبنان کی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور استحکام کی غیر متزلزل حمایت جاری رکھے گا۔ انہوں نے یہ بات لبنان کے صدر جنرل جوزف عون کے ساتھ صدارتی محل

بقیہ نمبر 9 صفحہ نمبر 3

فاطمہ جناح نے خواتین کو قومی ترقی اور سیاسی عمل میں فعال کردار ادا کرنے کا شعور دیا، سینیٹر روبینہ خالد

مادر ملت کی قومی خدمات کو سلام پیش کرتے ہیں، ان کا نام ہمیشہ عزت و احترام سے لیا جاتا رہے گا، بیگم

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹر رحمٰن ملک نے کہا ہے کہ محترمہ فاطمہ جناح کی سالگرہ ہمیں ان کی جمہوریت، آئین اور عوامی حقوق کے لیے بے مثال جدوجہد کی یاد دلاتی ہے۔ انہوں نے خواتین کو قومی ترقی اور سیاسی عمل میں فعال کردار ادا کرنے کا شعور دیا۔ مادر ملت فاطمہ جناح کی 133 ویں سالگرہ کے موقع پر اپنے پیغام

بقیہ نمبر 18 صفحہ نمبر 3

ڈی آئی خان میں پولیس وین پر فائرنگ، اے ایس آئی سمیت 2 اہلکار شہید

دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر پولیس کارروائی کے لیے جا رہی تھی، سی ٹی ڈی حکام

ڈیرہ اسماعیل خان (این این آئی) ڈی آئی خان میں پولیس وین پر فائرنگ سے اے ایس آئی سمیت 2 اہلکار شہید ہو گئے۔ سی ٹی ڈی حکام کے مطابق یہ واقعہ ڈی آئی خان کے علاقے درابن میں شاہ عالم موڑ پر پیش آیا جہاں پولیس وین پر فائرنگ کی گئی۔ سی

بقیہ نمبر 37 صفحہ نمبر 3

اسلام آباد، وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان اور ڈائریکٹر جنرل پاکستان انٹرنیشنل ٹریڈ فیئر 2026-28 کے لوگو کا رونمائی کر رہے ہیں

پاکستان میں ہفتہ وار بنیادوں پر مہنگائی کی شرح کی ادارہ شماریات کی رپورٹ جاری

پیڈیرم مصنوعات مہنگی ہونے سے اشیائے خوردونوش کی قیمتوں میں اضافہ، 27 اشیاء کے دام بڑھ گئے

اسلام آباد (آن لائن) ملک میں ہفتہ وار بنیادوں پر مہنگائی کی شرح میں معمولی کمی ریکارڈ کی گئی ہے، تاہم پیڈیرم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے اثرات کے باعث متعدد اشیائے ضروریہ مہنگی ہو گئیں۔ ادارہ شماریات کی جاری کردہ رپورٹ کے مطابق ایک ہفتے کے دوران 27 اشیاء کی قیمتوں میں اضافہ ہوا، جبکہ مجموعی طور پر مہنگائی کی شرح میں 0.91 فیصد کی ریکارڈ کی گئی۔ رپورٹ کے مطابق سالانہ بنیادوں پر مہنگائی بڑھنے کی شرح

بقیہ نمبر 29 صفحہ نمبر 3

پاکستان ریلوے کی جدید کاری، ترکیہ سے بڑے تعاون کی راہ ہموار

پاکستان ریلوے کے جدید کاری پروگرام میں ترک کمپنیوں کی شمولیت کے امکانات پر تفصیلی تبادلہ خیال

ترکیہ (آن لائن) پاکستان ریلوے کی جدید کاری، ترکیہ سے بڑے تعاون کی راہ ہموار ہو گئی ہے۔ وفاقی وزیر ریلوے محمد طیف عباسی کے دو روزہ سرکاری دورہ ترکیہ کے دوران گزشتہ روز ترک کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن (TCA) کے اعلیٰ حکام

بقیہ نمبر 14 صفحہ نمبر 3

بارشوں سے 45 افراد جاں بحق، دریاؤں کی نگرانی جاری

لاہور (آن لائن) پنجاب ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) نے مون سون بارشوں اور مکنہ سیلابی صورتحال سے متعلق تازہ فیکٹ شیٹ جاری کر دی، جس میں حالیہ بارشوں، دریاؤں اور ڈیموں کی صورتحال، جانی نقصانات اور حکومتی اقدامات کی تفصیلات شامل ہیں۔ ترجمان پی ڈی ایم اے کے مطابق پنجاب کے چیئرمین اجلاس میں بارش رسکا رڈ کی

بقیہ نمبر 15 صفحہ نمبر 3

ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کا کوئلے کی کان میں دھماکے کے باعث متعدد کان کنوں کی اموات پر گہرے دکھ و افسوس

کان میں پھنسے ہوئے افراد کی بحفاظت بازیابی کے لیے ریسکیو آپریشن کو ترجیح دی جائے، سیوال خان

اسلام آباد (این این آئی) پی ٹی ایم کے سینیٹر مین سینیٹ سیوال خان نے کوئٹہ کے نواحی علاقے سورنج میں کوئلے کی کان میں دھماکے کے باعث متعدد کان کنوں کی اموات پر گہرے دکھ و افسوس کا اظہار کیا

بقیہ نمبر 36 صفحہ نمبر 3

بلاول بھٹو زرداری کا جلسے میں بارش کے دوران عوام کے حوصلے اور جذبے کو خراج تحسین

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے جلسے میں بارش کے دوران عوام کے حوصلے اور جذبے کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ منظور آباد والوں! وہ اگست کو اسی جذبے کے تحت باہر نکلیں، تیر پر مہر لگائیں، حق حاکمیت، حق ملکیت اور حق روزگار کے لیے کیونکہ کشمیر کا فیصلہ کشمیر کرے گا۔ منظور آباد و بھرن کے عوام کے لیے خصوصی ویڈیو پیغام میں انہوں نے کہا کہ منظور آباد کے جلسے میں عوام نے سولہ دھار بارش کے دوران جس حوصلے اور جذبے کا مظاہرہ کیا، میں اس

بقیہ نمبر 10 صفحہ نمبر 3

بانی کی رہائی کے لئے کارکن گھروں سے ایوانہ کی جانب مارچ کے لیے نکلیں، علیمہ خان

بلوچستان (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف کی بانی کی ہمشیرہ علیمہ خان نے کارکنوں کو ایوانہ تیل کی جانب مارچ کے لئے گھروں سے نکلنے کی اپیل کرتے ہوئے کہا ہے کہ عمران خان حکومت سے مذاکرات کی بھیک نہیں مانگتے، وقت نے ثابت کیا ہے کہ ان کو ناحق قید میں رکھا گیا ہے۔ علیمہ خان

بقیہ نمبر 16 صفحہ نمبر 3

بلوچستان میں رواں سال مون سون بارشوں کے دوران اب تک مختلف حادثات میں 19 افراد جاں بحق 17 زخمی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں رواں سال مون سون بارشوں کے دوران اب تک مختلف حادثات میں 10 افراد جاں بحق 16 زخمی ہو گئے۔ محکمہ پی ڈی ایم اے بلوچستان کی جاری کردہ رپورٹ کے مطابق رواں سال کے جون سے 31 جولائی تک بلوچستان میں چھتیں اور دیواریں

بقیہ نمبر 19 صفحہ نمبر 3

وزیراعظم سے آذربائیجان کے سفیر کی الوداعی ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر پٹرولیم و قدرتی گیس ملک میں سکیڈ ٹی ہونے والے آذربائیجان کے سفیر خضر فرہادوف نے الوداعی ملاقات کی جس میں دوطرفہ تجارت کی وسیع تر ترقی کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ ترجمان پٹرولیم ڈویژن کے

بقیہ نمبر 27 صفحہ نمبر 3

ایران نے اردن میں امریکی طیاروں کے ہینگر کی سیٹلائٹ تصاویر جاری کردیں

تہران (این این آئی) پاسداران انقلاب ایران نے اردن میں امریکی طیاروں کے ہینگر کی سیٹلائٹ تصاویر جاری کردیں۔ پاسداران انقلاب نے امریکا کو پیغام دیا کہ ہینڈشیپ ختم کریں اور دنیا کو

بقیہ نمبر 3 صفحہ نمبر 3

معاہدہ غزہ میں نئی فلسطینی حکومت کے قیام کی جانب اہم قدم ہے، امریکی صدر

ہتھیاروں اور اسرائیلی فوج کے غزہ سے مرحلہ وار انخلا پر معاہدہ طے پا گیا ہے، حماس

واشنگٹن (آن لائن) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اعلان کیا ہے کہ بورڈ آف پیس نے غزہ میں فلسطینی کی مراجعتی تنظیم حماس کے غیر مسلح ہونے کا معاہدہ کرلیا۔ صدر ٹرمپ نے اعلان کیا ہے کہ غزہ میں حماس کے غیر مسلح ہونے کا معاہدہ ہو گیا ہے، جیسے ہی غزہ کو غیر مسلح کرنے کا عمل مکمل ہوگا، اسرائیلی افواج واپس چلی جائیں گی۔ ٹرمپ نے کہا کہ معاہدہ غزہ

بقیہ نمبر 2 صفحہ نمبر 3

کمانڈر ٹیکنیکل سٹریٹجک کمانڈ جنرل عامر رضا کو نشان امتیاز (ملٹری) عطا کرنے کی منظوری

وزیراعظم نے لیفٹیننٹ جنرل عامر رضا کو فور سٹار جنرل کے عہدے پر ترقی دے کر کمانڈر ٹیکنیکل سٹریٹجک کمانڈ مقرر کیا

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت نے کمانڈر ٹیکنیکل سٹریٹجک کمانڈ جنرل سید عامر رضا کو نشان امتیاز (ملٹری) عطا کرنے کی منظوری دے دی۔ پارلیمنٹ ہاؤس میں وزیراعظم شہباز شریف نے لیفٹیننٹ جنرل عامر رضا کو فور سٹار جنرل کے عہدے پر ترقی دے کر کمانڈر

بقیہ نمبر 11 صفحہ نمبر 3

ملک گیر چیمبرز آف کامرس اور ریڈ ایسوسی ایشنز کے انتخابات کو شفاف، منصفانہ اور قابل اعتماد بنانا ہمارا عزم ہے، وزیر تجارت

وزارت تجارت ڈی جی ایف بی آر کو اس کے آپریٹر کو ہیڈ بیورو ڈیجیٹل بنانے کے لیے مکمل اختیار دیا جائے، ہم کمال کی محنت شفاف، منصفانہ اور قابل اعتماد انتخابات میں منتظر کیا جائے، جمعہ کو وزارت سے جاری بیان کے مطابق ڈائریکٹر جنرل ریڈ ٹریڈ گیٹز بلال خان پاشا سے

بقیہ نمبر 20 صفحہ نمبر 3

حنیف عباسی کی ترک کنٹریکٹرز کے وفد سے ملاقات

وفاقی وزیر حنیف عباسی نے ترک کمپنیوں کو پاکستان ریلوے کے بڑے ترقیاتی اور انفراسٹرکچر منصوبوں میں شرکت کی باقاعدہ دعوت دی

انقرہ (اسلام آباد) (این این آئی) وفاقی وزیر برائے ریلوے محمد حنیف عباسی نے اپنے دورہ سرکاری دورہ ترکیہ کے دوران انقرہ میں ترک کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن (ٹی سی اے) کے اعلیٰ حکام سے ملاقات کی جس میں پاکستان ریلوے کے جدید کاری پروگرام میں ترک کمپنیوں کی شمولیت کے امکانات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر پاک ریلوے کے مختلف منصوبوں میں سرمایہ کاری اور شراکت داری کے مختلف ماڈلز زیر غور آئے۔ فریقین نے پلک

بقیہ نمبر 26 صفحہ نمبر 3

قومی حکومت قائم کی جائے موجودہ حکومت کے پاس عوامی مینڈیٹ نہیں، بیرسٹر گوہر

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری سے ان کا کسی قسم کا کوئی رابطہ

Daily Nara-e-Haq
نعرہ حق
RBC
عصمت اللہ کاکڑ نے الکریم پرنٹرز کواری روڈ نزد چلڈرن ہسپتال سے چھپوا کر بیورو آفس سے شائع کیا۔
موبائل نمبر 03214556666

کویت کے ساتھ دفاعی معاہدہ اور سعودی قرض رول اوور

وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کویت اور دیگر برادر خلیجی ممالک پر ہونے والے حملوں کی سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان خطے میں امن کے قیام کے لیے ایک دیانتدار اور مخلص ثالث اور سہولت کار کے طور پر اپنا کردار ادا کر رہا ہے۔ کویت کے وزیر خارجہ شیخ جراح جابر الاحمد الصباح سے گفتگو کرتے ہوئے وزیراعظم نے دونوں ممالک کے درمیان تعلقات کی مثبت پیشرفت پر اطمینان کا اظہار کیا اور تجارت، سرمایہ کاری، توانائی، زراعت، انفارمیشن ٹیکنالوجی، بحری امور اور افرادی قوت کی ترقی سمیت مختلف شعبوں میں کویت کے ساتھ تعاون کو مزید فروغ دینے کے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا۔ اسی طرح، کویت کے وزیر خارجہ نے جنرل ہیڈکوارٹرز میں ا?ری چیف اور چیف ا?ف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ملاقات کی جس میں باہمی دلچسپی کے امور، علاقائی سلامتی کی مجموعی صورتحال اور دونوں برادر ممالک کے درمیان دفاعی وسکیورٹی تعاون کو مزید فروغ دینے کے مختلف پہلوو?ں پر تفصیلی تبادلہ ? خیال کیا گیا۔ علاوہ ازیں، پاکستان نے کویت سے دفاعی تعاون معاہدے کی کویت کی جانب سے توثیق کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے دونوں برادر ممالک کے دفاعی تعلقات میں اہم سنگ میل قرار دیا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق پاکستان کویت دفاعی تعاون معاہدے پر 2023ء ؁ میں دستخط ہوئے تھے، پاکستان اور کویت نے دفاعی تعاون کو مزید وسعت اور سکیورٹی شراکت داری مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ یہ معاہدہ فوجی تربیت، عسکری تعلیم، کے شعبوں میں تعاون کا جامع ادارہ جاتی فریم ورک فراہم کرے گا۔ ادھر، سعودی عرب نے پاکستان کے 5 ارب ڈالر کے قرض کی واپسی 3 سال کے لیے مو? خر کر دی۔ 5 ارب ڈالر رول اوور ہونے سے پاکستان پر فوری ادائیگیوں کا دباو? کم ہو گیا۔ واضح رہے کہ پاکستان کے پاس سعودی عرب کے ا?ٹھ ارب ڈالر ہیں جن میں سے تین ارب ڈالر اس سال اپریل میں حاصل کیے گئے تھے۔ یہ تمام پیش رفتیں خوش ا?ئند ہیں

دیدہ ور... نسل نو کی صحت وتندرستی کا معاملہ

پروفیسر ڈاکٹر نثار احمد چوہدری

ہمارے اردگرد ہر کوئی یہ کہتا دکھائی دیتا ہے کہ موجودہ نسل کے بچے بڑے عجیب، بڑے فضول بڑے کمزور ثابت ہوئے ہیں۔ بظاہر یہ معمولی کی بات لگتی ہے کیوں کہ ہر سنیئر نسل نئی نسل پر اس طرح کی تنقید کیا کرتی ہے لیکن اس کا یہ مطلب بھی نہیں کہ بزرگ جو بھی کہتے ہیں اس کی کوئی اہمیت ہی نہیں ہوتی تھی۔ موجودہ نسل عجیب اور فضول ہے یا نہیں یہ بات بہت واضح ہو کر سامنے آئی ہے کہ یہ نسل جسمانی لحاظ سے گزشتہ نسل کی نسبت کمزور واقع ہوئی ہے۔ اس کو جیسا پرتعیش لائف سٹائل ملا ہے اس میں جسمانی سرگرمیاں بہت کم ہیں اور کھانے پینے کی فراوانی ہے۔ ان کو نہ پیدل چلنا پڑتا ہے، نہ والدین کے ساتھ کام کاج کرنا پڑتا ہے نہ یہ کھیل کود ہی کے شوقین ہیں۔ گیمز بھی یہ سیل فون پر ہی کھیلنا پسند کرتے ہیں... کھانے میں ان کو جنک فوڈ (برگر، پیزے، کولڈ ڈرنکس، سموسے، پکوڑے، دہی بھلے، ٹافیاں، بسکٹ، چاکلیٹ) ہی پسند ہیں۔ نہ یہ موسمی پھل کھاتے ہیں نہ سبزیاں یہاں تک کہ یہ مٹن اور بیف کے بھی نزدیک تک نہیں جاتے۔ ہاں برائلر چکن ان کی مرغوب غذا ہے۔ ان حالات میں یہ نہ صرف جسمانی لحاظ سے کمزور ہیں بلکہ ان کی جسمانی ساخت میں بھی عجیب و غریب تبدیلیاں آنے لگی ہیں۔ کچھ قد کے چھوٹے، کچھ بہت موٹے، کچھ نحیف و نزار اور کچھ میٹھی ریٹارڈیڈ ہیں۔ نارمل بچے بچیوں کی تعداد بہت کم ہوتی جا رہی ہے۔ نئی نسل کے بچے صحت کے بہت سے مسائل کا شکار ہیں۔ دیکھنے میں آیا ہے کہ زیادہ تر بچوں میں وٹامن ڈی، وٹامن بی 12 اور دیگر ضروری غذائی اجزا کی شدید کمی پائی جاتی ہے۔ نسل نو کو جین زی کہا جاتا ہے (سن 1997 اور 2012 کے درمیان پیدا ہونے والے بچے جو آج کل 14 سے 29 سال کی عمر کے ہیں جین زی یعنی Generation z کہلاتے ہیں) اس نسل کے بوائز میں ٹیسٹوسٹیرون کی مسلسل کمی واقع ہو رہی ہے اور اس حقیقت کو ساری دنیا میں بے حد تشویش کی نظر سے دیکھا جا رہا ہے) ٹیسٹوسٹیرون مردوں میں پایا جانے والا ایک بے حد اہم ہارمون ہے۔ یہی مرد کو مرد بناتا ہے۔ چودہ سے سولہ سال کی عمر کے لڑکوں میں یہ اپنی بلند ترین سطح کو چھونے لگتا ہے اسی کی بنا پر لڑکے کی داڑھی مونچھیں نکل آتی ہیں، ہڈیاں موٹی اور پٹھے مضبوط ہونے لگتے ہیں، آواز بھاری ہو جاتی ہے۔ ہر کام خصوصاً محنت مشقت اور دوڑ بھاگ والے کام آگے بڑھ بڑھ کے کرنے لگتا ہے، اس میں بہادری، جرأت اور حوصلہ مندی کے ساتھ ساتھ سمجھداری اور بر وقت فیصلہ سازی کی خوبیاں پیدا ہونے اور ہر گزرتے دن کے ساتھ نکھرنے لگتی ہیں۔ اب ریسرچ سے پتہ چلا ہے کہ نہ صرف جین زی میں بلکہ ان سے پچھلی نسل میلینیئلز میں بھی ٹیسٹوسٹیرون اپنے سے پچھلی نسلوں کی نسبت بہت کم ہو رہا ہے (1981 سے 1996 کے درمیان پیدا ہونے والوں کو Millennials کہا جاتا ہے۔ اس وقت یہ 28 سے 45 سال کے ہیں) اتنے اہم ہارمون یعنی ٹیسٹوسٹیرون کی سطح کم ہونے کی وجوہات میں جنک فوڈ کا استعمال، موٹاپا، پرتعیش لائف سٹائل اور جسمانی سرگرمیوں میں کمی، نیند پوری نہ ہونا وغیرہ شامل ہیں۔ ٹیسٹوسٹیرون کی کمی کی علامات میں تھکاوٹ، ڈیپریشن یعنی ہر وقت کی بوریت اور بے دلی، مایوسی، سٹریز اور مستقبل بنانے میں عدم دلچسپی، ہڈیوں اور پٹھوں کی کمزوری،، فیصلہ سازی کا فقدان، موٹاپا، پیٹ اور چھاتی پر چربی، جنسی خواہش میں کمی وغیرہ شامل ہیں۔ کسی نوجوان لڑکے یا مرد میں اگر مذکورہ بالا علامات پائی جاتی ہوں تو اسے ڈاکٹر کے مشورے سے اپنا ٹیسٹوسٹیرون لیول جانچنے کا ٹسٹ کروانا چاہیے۔ اگر یہ کم ہو تو اس کے لیے ڈاکٹر کے مشورے سے مختلف وٹامنز کھائے جا سکتے ہیں لیکن بہتر یہ ہو گا کہ طرز زندگی اور غذائی تبدیلیوں کے ذریعے سطح بلند کرنے اور بلند رکھنے کی کوشش کی جائے۔ جسمانی سرگرمیاں، کام کاج، کھیل کود، جاگنگ، روزانہ واک اور ورزش، سات آٹھ گھنٹے کی پر سکون نیند کو معمول بنا کے نیز روزمرہ کی خوراک میں مٹن قش، موسمی پھل، سبزیاں اور بادام، اخروٹ، کاجو، پستے، شہد کھجور وغیرہ شامل کر کے مقاصد حاصل کیے جا سکتے ہیں۔

پاکستان میں سیلاب: قدرتی آفت یا انسانی غفلت

عبدالغفور چودھری

پاکستان کو اللہ تعالیٰ کی ذات بابرکات نے بلند وبالا پہاڑوں، وسیع دریاوں، زرخیز زمینوں اور ایک بہت بڑے آبپاشی نظام سے نوازا ہے۔ دریائے سندھ اور اس کے معاون دریا پاکستان کی معیشت، زراعت اور زندگی کی شہ رگ ہیں۔ لیکن یہی دریا جب اپنی حدود سے تجاوز کرتے ہیں تو لاکھوں انسانوں کے لیے موت، تباہی اور بے گھری کا پیغام لے کر آتے ہیں۔ گزشتہ سات دہائیوں سے پاکستان نے درجنوں بڑے اور سیکڑوں درمیانے درجے کے سیلاب دیکھے ہیں۔ ہر بار ہزاروں خاندان بے گھر ہوئے۔ ان کے مال اور مویشی پانی میں بہہ گئے۔ اربوں روپے کا نقصان ہوا۔ حکومتیں امدادی اعلانات کرتی رہیں۔ دردل رکھنے والے پاکستانی حکومت کی آواز پر لبیک کہتے رہے۔ بین الاقوامی ڈونر ایجنسیاں بھی دل کھول کر امداد کرتی رہیں۔ اور بعض اوقات درندہ دل انسان نما شیطان ایسے امدادی سامان پر بھی ہاتھ صاف کرتے نظر آئے۔ پھر تحقیقاتی کمیٹیاں تشکیل پائیں۔ چند دن شور مچا۔ اور پھر اس پر مٹی ڈال دی گئی۔ بدقسمتی سے ہمارے حکمران طبقے نے اس آسمانی آفت سے بچنے کے لیے کوئی مستقل اور پائیدار حل ڈھونڈنے کوشش نہیں کی۔ جو بھی سیلاب اترتا ہے وہ کمی تان کر سو جاتا ہے اور اگلے سال آنے والے سیلاب کی تباہ کاریوں کا انتظار کرتا ہے۔

پاکستان کی سیلابی تاریخ میں 1950 میں آنے والا سیلاب ہماری نوزائیدہ مملکت کے لیے ایک بہت بڑا سانحہ تھا۔ جس میں پنجاب اور سندھ کے وسیع علاقے زیر آب آئے، لاکھوں ایکڑ اراضی پر لہلہاتی فصلیں تباہ ہوئیں اور تقریباً 2900 جانیں ضائع ہوئیں۔ 1956 اور 1957 کے سیلابوں نے دریائے سندھ کے کنارے تقریباً 1955 علاقوں کو متاثر کیا۔ 1976 کے سیلاب نے پنجاب، سندھ اور بلوچستان میں تباہی پھیلائی۔ سڑکیں، نہری نظام، پل اور فصلیں تباہ ہوئیں۔ 1988 میں مون سون کی غیر معمولی بارشوں نے جنوبی پنجاب اور سندھ میں بڑے پیمانے پر تباہی مچائی۔ لاکھوں افراد بے گھر ہوئے۔ معیشت کو اربوں کا نقصان ہوا۔ 2010 میں آنے والا سیلاب تاریخ کا بدترین سیلاب تھا۔ یہ سیلاب گلگت بلتستان، پنجاب، سندھ اور بلوچستان تک پھیل گیا۔ اس میں تقریباً دو کروڑ افراد متاثر ہوئے۔ تقریباً 2000 افراد جان کی بازی ہار گئے۔ 2022 کا سیلاب بھی کوئی کم تباہ کن نہیں تھا۔ ریکارڈ مون سون بارشوں کے باعث تین کروڑ سے زیادہ لوگ متاثر ہوئے۔ بیس لاکھ سے زیادہ مکان تباہ ہوئے۔ 1700 سے زائد اموات ہوئیں۔ اور کھربوں روپے کا مالی نقصان ہوا۔ اس سیلاب نے ثابت کر دیا کہ ہم اکیسویں صدی میں بھی موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات سے نبرد آزما ہونے کے لیے تیار نہیں ہیں۔

پاکستان میں سیلاب کی وجہ سے جانی و مالی نقصانات ہونے کی وجوہات میں ڈیموں کی کمی، موسمیاتی تبدیلی سے گلیشیرز کا پگھلنا، جنگلات کی بے دریغ کٹائی، پانی کے گزرگاہوں پر تجاوزات، ناقص نکاسی آب کا نظام اور حکومتوں کی انتظامی نااہلی وغیرہ شامل ہیں۔ اگر ہم ملک میں آئی ڈی ایس کا ہمسایہ ملک بھارت سے موازنہ کریں تو یہ حقیقت سامنے آتی ہے کہ بھارت میں اس وقت 5300 بڑے آبی ذخائر اور پاکستان میں صرف 73 بڑے آبی موجود ذخائر ہیں۔ اگر ہم اپنی حکومتوں کی اس حوالے سے کارکردگی کا جائزہ لیں تو پتہ چلتا ہے کہ سب سے زیادہ آبی ذخائر ایک ڈکٹیٹر جنرل محمد ایوب خان کے دور حکومت میں بنائے گئے۔ ان کے بنائے گئے آبی ذخائر سے کل 6541 میگاواٹ بجلی پیدا ہو رہی ہے۔ اس کے بعد کی حکومتوں نے اب تک کل ملا کر 2603 میگاواٹ آبی ذخائر سے بجلی پیدا کرنے کے منصوبے مکمل کیے۔ دیامیر بھاشا ڈیم، واسو ڈیم اور مہمند ڈیم زیر تعمیر ہیں جن سے ہمیں تقریباً 7000 میگاواٹ بجلی فراہم ہو گی۔ اس طرح 2029 تک ہمارے پاس تقریباً 18000 میگاواٹ پن بجلی دستیاب ہو گی جب کہ ہماری ضرورت اس وقت تک تقریباً 30000 میگاواٹ تک پہنچ جائے گی۔ باقی بجلی کے لیے ہم آئی پی پیز کے ہاتھوں لٹنے پر مجبور ہوں گے۔

حکومتوں نے اپنی ڈنگ ٹپاو? سکیم کے تحت سیلاب یا دوسری ہنگامی آفات سے نمٹنے کے لیے این ڈی ایم اے (نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی)، پی ڈی ایم اے (پراونشل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی) اور ضلعی سطح پر ڈپٹی کمشنر کی سربراہی میں ڈی ڈی ایم کی (ڈسٹرکٹ ڈیزاسٹر مینجمنٹ کمیٹی) اور تحصیل سطح پر اسسٹنٹ کمشنر کی سربراہی میں ٹی ڈی ایم سی (تحصیل ڈیزاسٹر مینجمنٹ کمیٹی) تشکیل دی ہیں۔ جو تمام قسم کی آسمانی اور زمینی آفتوں کا مقابلہ کرنے کے لیے بنائی گئی ہیں۔ یہ ادارے اپنا کام بہ احسن وخوبی سرانجام دے رہے ہیں۔ کسی بھی ہنگامی حالت کی صورت میں ان اداروں کے ملازمین چوبیس گھنٹے ڈیوٹی پر نظر آتے ہیں۔ پچھلے سال کے سیلاب کے موقع پر صوبائی سیکریٹریز، کمشنرز، ڈپٹی کمشنرز اور اسسٹنٹ کمشنرز کھلے آسمان تلے متاثرین سیلاب کی چوبیس گھنٹے مدد کرتے ہوئے نظر آئے۔ ان کی مدد کے لیے پاکستان آرمی، رینجرز، ریسکیو 1122، سول ڈیفنس، فلڈ فورکاسٹنگ ڈویژن، محکمہ موسمیات، محکمہ تعلیم، محکمہ انہار، لوکل گورنمنٹ کے اداروں، واپڈا وغیرہ ہم نے بھی اپنا بھرپور کردار ادا کیا۔ اس کے ساتھ ساتھ ہماری مقامی این جی اوز نے بھی مثالی کام کیا۔ تب جا کر ہم اس آسمانی آفت سے وقتی طور پر سرخرو ہونے کے قابل ہوئے۔

لیکن ہماری بدقسمتی یہ ہے کہ ہمارے حکمران ہمیشہ سے ہی ڈنگ ٹپاو? نظام چلاتے چلے آ رہے ہیں۔ ماسوائے جنرل ایوب خان کے اس حوالے سے کسی بھی حکمران نے "پروایکٹو اپروچ" نہیں اپنائی۔ سب نے "ری۔ ایکٹو اپروچ" سے ہی کام لیا۔ جیسے دھاکوں میں لاشیں گرنے کے بعد ہماری پولیس چیکنگ میں سختی اور ناکوں میں اضافہ کر دیتی ہے۔ اگر ہم چاہتے ہیں کہ ہم سیلاب سے ہر سال ہونے والے جانی اور مالی نقصان سے بچ سکیں تو ہمیں "پروایکٹو اپروچ" اپنانا ہو گی۔ زیادہ سے زیادہ آبی ذخائر تعمیر کرنا ہوں گے۔ اس کے لیے ہمارے سیاستدانوں کو کڑوا گھونٹ پینا ہو گا۔ صوبہ خیبر پختونخوا اور صوبہ سندھ کے سیاستدانوں کو خصوصی قربانی دینا ہو گی۔ آبی ذخائر بنانے کی راہ میں رکاوٹوں کو ختم کرنا ہو گا۔ ملک وقوم کے مفاد کو اولین ترجیح دینا ہو گی۔ پانی پر اپنی سیاست کو ختم کرنا ہو گا۔ اس میں ہی ہماری بقا ہے، ہماری معیشت کی بقا ہے اور ہماری عوام کی بھی بقا ہے۔ ڈیم بنانے سے ہمیں سستی توانائی بھی ملے گی، پانی کے ریلوں سے ہماری جانیں اور مال بھی محفوظ رہیں گے اور آئی پی پیز سے بھی ہماری جان چھوٹ جائے گی۔ ضائع ہونے والا پانی زرعی ضروریات کے لیے استعمال ہو سکے گا۔ جس سے ہماری زراعت بھی ترقی کرے گی۔ یہ قدم ہماری خوشحالی کا ضامن ہو گا۔

آزاد کشمیر انتخابات کا پہلا مرحلہ۔ اب ضرورت اتحادی جماعتوں کے اتحاد کی ہے

امیر محمد خان

